© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعة والجماعة

### نوتعمیر جامع مسجد سیف اللہ اہل حدیث پنڈوری (دینہ) کا افتتاحی خطبہ جمعہ

جامعہ علوم اُثریہ کے زیر انتظام دینہ کے قریب منگلا روڈ پر پنڈوری میں جامع مسجد سیف اللہ اہل حدیث کی تعمیر مکمل ہونے پر 14 جولائی کا افتتاحی خطبہ جمعہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب اُمیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے ارشاد فرمایا، جس میں پنڈوری کے علاوہ منگلا، میرپور، دینہ، جہلم اور دیگر مقامات سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ نماز جمعہ کے بعد محمد سعید، محمد حفیظ، صابر حسین، مبشر صابر اور ان کے ساتھیوں نے تمام شرکاء کی ضیافت کا اہتمام کیا۔

## وفیات

### نثار احمد بھٹی کو صدمہ

عبدالقیوم بھٹی مرحوم کے بیٹے اور نثار احمد بھٹی کے بھائی افتخار احمد بھٹی مورخہ 24 مئی بروز بدھ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور انتہائی نیک و بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ جامعہ کے شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ نے پڑھائی۔

### سلطان محمود کو صدمہ

مورخہ 25 مئی بروز جمعرات جامع مسجد سلطان اہل حدیث (جامعہ علوم اُثریہ) کے مستقل نمازی سلطان محمود کی خالہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ جامعہ کے شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ نے پڑھائی۔

### شیخ محمد افضل (مشین محلہ نمبر 3) کو صدمہ

مورخہ 5 جون بروز سوموار شیخ محمد افضل کی بھاوج محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### مرزا عبدالقدوس کو صدمہ

مرزا فیض عالم مرحوم کے بیٹے اور مرزا عبدالقدوس مغل کے چچا جان محمد حنیف مورخہ 21 جون


© rasailojaraid.com